Urdu

Leedssexualhealth .com

# خوش آمدید
# لیڈز سیکچوئیل ہیلتھ سروس [Leeds Sexual Health Service]

اگر آپ اپنی جنسی اور تولیدی صحت کے بارے میں پیشہ ورانہ اور دوستانہ مشورے کی تلاش میں ہوں تو رابطہ فرمائیں۔ ہمارے پاس شہر بھر میں بہت سی مختلف سروسز دستیاب ہیں جو مفت ہیں اور ہر ایک کے لیے کھلی ہیں۔ یہ رازدارانہ بھی ہیں۔

## بک کی جا سکنے والی اپائنٹمنٹس اور کلینکس

اگر آپ کوئی بالغ یا نوجوان فرد ہوں تو آپ اپائنٹمنٹ کا وقت بک کر سکتے/ سکتی ہیں۔

## نوجوان افراد

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہو تو ہمارے پاس واک ان کلینک کا متبادل دستیاب ہے جو کہ صرف آپ کے لیے ہے۔ کب اور کہاں کے بارے میں معلومات ہمارے **ڈیجیٹل ہب** سے مل سکتی ہیں۔

## ہم کہاں پر موجود ہیں

ہمارا بنیادی مرکز بیسٹن ہل ہیلتھ سینٹر ہے، یا آپ ہمیں آرملے مور ہیلتھ سینٹر، چیپل ٹاؤن ہیلتھ سینٹر میں تلاش کر سکتے ہیں۔ سیکرافٹ کلینک اور گیٹ وے ویسٹ۔ ہماری لانگ ایکٹنگ ریورسبل مانع حمل (ایل اے آر سی) سروس ونڈسر ہاؤس سرجری، برلی پارک میڈیکل سینٹر اور ہیئر ہلز کمیونٹی ہیلتھ سینٹر میں بھی دستیاب ہے۔

## ہمارے ساتھ رابطہ فرمائیں

ہمارے ڈیجیٹل ہب سے مزید معلومات مل سکتی ہیں۔

**www.leedssexualhealth.com**

ٹیلیفون نمبر: **0113 843 4495**

ہمیں سوشل میڈیا پر فالو کریں:

@LeedsSexHealth @SexHealthLeeds

## اس کو درست کرنے میں ہماری مدد کریں

اگرآپ کی کوئی شکایت، تشویش، تبصرہ یا تعریف ہو تو مہربانی فرما کر ہمارے عملے کے کسی رکن یا ڈیجیٹل حب کے آپشن کا استعمال کر کے ہمیں آگاہ فرمائیں۔ ہم آپ کی فراہم کردہ آراء سے سیکھتے ہیں اور آپکی معلومات کو اپنی خدمات بہتر بنانے اور ان کو نشوونما دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

**درخواست کرنے پر ہم ان معلومات کو بریل، بڑے حروف، آڈیو یا دیگر زبانوں میں دستیاب کر سکتے ہیں۔**

**لیڈز کی جنسی صحت ان تنظیموں کے درمیان ایک شراکت داری ہے:**

لیڈز سٹی کونسل، لیڈز کمیونٹی ہیلتھ کیئر این ایچ ایس ٹرسٹ (ایل سی ایچ)، لیڈز ٹیچنگ ہسپتال این ایچ ایس ٹرسٹ (ایل ٹی ایچ ٹی)، لیڈز جی پی کنفیڈریشن (ایل جی پی سی) اینڈ ولیشن - فورم سینٹرل (لیڈز میں صحت اور دیکھ بھال کے تیسرے شعبے کے لیے ایک اجتماعی حمایت)۔

© لیڈز کیمونٹی ہیلتھ کیئر این ایچ ایس ٹرسٹ، اکتوبر 2024 حوالہ: 2983

# ہماری فراہم کردہ سروسز

## جنسی طور پر منتقل ہونے والا انفیکشن (ایس ٹی آئیز)

ہم ایس ٹی آئی اسکریننگ اور علاج فراہم کرتے ہیں۔ آپ ہمارے **ڈیجیٹل ہب** کے ذریعے سب سے عام ایس ٹی آئیز کے بارے میں بہت ساری مفید معلومات بھی حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔

## حمل کا ٹیسٹ

ہم پورے لیڈز میں حمل کا ٹیسٹ کرتے ہیں۔ ہم لیڈز میں چند ایک فارمیسیوں کے ساتھ بھی کام کرتے ہیں جو کہ اس کی پیشکش کر سکتی ہیں۔ ہمارے **ڈیجیٹل ہب** کے ذریعے قریب ترین فارمیسی تلاش کریں جو کہ یہ کام کر سکتی ہو۔

## مانع حمل

ہم کئی ایک مختلف اقسام کی مانع حمل ادویات کے بارے میں مشورے، معلومات، فٹنگ اور نسخے فراہم کرتے ہیں جن میں طویل اور مختصر مدتی اثرات شامل ہیں۔

## فوری مانع حمل

اگر آپ کو ہنگامی مانع حمل کی ضرورت درپیش ہو تو آپ ہمیں کال کر سکتے/سکتی ہیں۔

غیر محفوظ جنسی تعلقات (پہلے 24 گھنٹوں کے اندر اندر) انجام دینے کے بعد فوری کاروائی کرنا بہتر ہوتا ہے۔ تاہم، ہنگامی مانع حمل کی ایسی صورتیں دستیاب ہیں جو کہ اس کے بعد پانچ دنوں تک استعمال کی جا سکتی ہیں۔

آپ اپنے جی پی کے ذریعے ہنگامی مانع حمل تک رسائی حاصل کرسکتے/سکتی ہیں یا لیڈز جنسی صحت کی جانب سے کچھ فارمیسیوں سے مفت بھی حاصل کرسکتے/سکتی ہیں۔ آپ ہمارے **ڈیجیٹل ہب** کے ذریعے سروس فائنڈر پر ان فارمیسیوں کی فہرست تلاش کر سکتے ہیں – براہ کرم انتظار نہ کریں۔

## ایچ آئی وی ٹیسٹنگ، پی ای پی اور پری ای پی (ایچ آئی وی سے بچاؤ اور علاج)

ہم ایچ آئی وی کی جانچ، روک تھام اور علاج کی دوائیں فراہم کرتے ہیں۔ ان کو پی ای پی (پوسٹ ایکسپوژر پروفیلیکسس) اور پری ای پی (پری ایکسپوژر پروفیلیکسس) کہا جاتا ہے۔

**پری ای پی:** اگر آپ کو ہماری طرف سے پہلے ہی پری ای پی موصول ہو گیا ہو اور اگر یہ آپ کے لیے بہتر ہو تو آپ ہم سے آن لائن فالو اپ نسخہ طلب کر سکتے ہیں۔ آپ اگرآپ ترجیح دیں تو بالمشافہ اپائنمنٹ کے لیے درخواست کر سکت/سکتی ہیں۔

**پی ای پی:** اگر آپ کو لگتا ہو کہ آپ کو ایچ آئی وی کا سامنا ہے تو آپ کو HIV+ کے خطرے کو کم کرنے کے لیے دوا کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ خطرے سے دوچار ہونے کے 72 گھنٹوں کے اندر اندر اس کو شروع کر دینا چاہیے۔ براہ کرم ہمیں کال کریں اور ہمارے کیئر نیویگیٹرز کو بتائیں کہ آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو پی ای پی کی ضرورت ہے۔ وہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آپ کو جلد از جلد کال/اپائنٹمنٹ مل جائے۔

اگر شام کا وقت یا ویک اینڈ ہو یا آپ اپنے قریبی جنسی صحت کلینک نہ جا سکتے/سکتی ہوں تو مہربانی فرما کر اپنے قریبی ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی (اے اینڈ ای) ڈیپارٹمنٹ جائیں۔

مزید معلومات ہماری **ڈیجیٹل حب** پر دستیاب ہیں۔

## ڈیجیٹل حب

اس کتابچے میں مذکور سروسز کے علاوہ ہمارے ڈیجیٹل ہب کے ذریعے بہت سی دیگر خدمات دستیاب ہیں۔ دیکھنے کے لیے مخالف کوڈ کو اسکین کریں یا اس پر جائیں:

**www.leedssexualhealth.com**

آپ ہب کے ذریعے یہ کام کر سکتے/سکتی ہیں:

- لیڈز میں دستیاب جنسی صحت کی سروسز کے بارے میں درست اور قابل اعتماد معلومات حاصل کریں۔
- ہیلتھ کیئر پروفیشنل سے آن لائن چیٹ کریں۔
- کلیمائڈیا کے علاج کے لیے الیکٹرانک نسخوں تک رسائی حاصل کریں۔
- بذریعہ پوسٹ ایس ٹی آئی ٹیسٹنگ کٹ منگوائیں۔

## کھلنے کے اوقات

ہماری ٹیلیفون لائن پیر تا جمعہ صبح کے 8:30 بجے تا شام کے 4:30 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

آپ رات کے 8:00 بجے تک شہر بھر میں اپائنٹمنٹ بھی بک کر سکتے/سکتی ہیں جبکہ ویک اینڈ پر ہمارے پاس محدود تعداد میں اپائنٹمنٹ دستیاب ہوتی ہیں۔ کلینک کے اوقات مختلف ہوتے ہیں لہٰذا مہربانی فرما کر اپائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے ہمیں کال کریں یا مزید معلومات کے لیے ہمارا **ڈیجیٹل حب** چیک کریں۔